18/05/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عمر مختار

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے Gothenburg میں سویڈن کے اپنے ہم منصب Ulf Kristersson کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس موقعہ پر وزیر اعظم نریندر مودی کو دو طرفہ رشتوں کو بہتر بنانے نیز ان کی دانشمندانہ قیادت کے لئے سویڈن کے اعلیٰ ترین اعزاز The Royal Order of The Polar Star, Degree Commander Grand Cross سے سرفراز کیا گیا ۔

واضح رہے کہ یہ وزیر اعظم مودی کا 31 واں بین الاقوامی اعزاز ہیں ۔

لیفٹننٹ گورنر

پورے جموں کشمیر میں کل سے سینسس 2027 کا سرکاری طور پر آغاز ہو گیا ۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اپنی سیلف Enumeration مکمل کر کے جموں کشمیر کے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر اپنے گھروں سے متعلق تفاصیل آن لائن سرکاری پورٹل پر درج کرائیں ۔ انہوں نے سیلف Enumeration کو ایک عظیم ذمہ داری قرار دیا ۔

-------

سیلف Enumeration کا عمل شروع ہوا جس میں دریں اثناءجموں کشمیر کے بیشتر ضلعوں میں لوگوں نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی ۔

ایل جی ملاقات

قانون ساز اسمبلی کے ممبر سریندر کمار نے لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہاکے ساتھ ملاقات کی اور مذہبی مقامات کو بڑھاوا دینے ، عوامی بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے اور اپنے حلقے کے دیگر معاملات ان کی نوٹس میں لائے ۔

کوآرڈینیشن کمیٹی جموں کشمیر کا ایک وفد کمیٹی کے صدر محمد اقبال اہنگر کی قیادت میں ایل جی منوج سنہا سے ملاقی ہوا ۔ وفد نے جموں کشمیر میں جاری نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کی پیش رفت کی ستائش کی ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کل جموں میں ایک میٹنگ کے دوران پورے جموں صوبے میں PWD محکمے کی طرف سے عملائے جا رہے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ نائب وزیر اعلیٰ نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کے معیار کو بر قرار رکھتے ہوئے ان کی مقررہ مدت کے اندر تکمیل کو ہر صورت میں یقینی بنائیں ۔

ذو الحجہ چاند

جموں کشمیر میں ذو الحجہ کا چاند نظر آ گیا ہے اور عید الاضحی 27 مئی یعنی بدھوار کو منائی جائے گی ۔اس تعلق سے جموں کشمیر کے مفتی اعظم مفتی ناسر الاسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

-----

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کے لئے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں جاری ہیں ۔ پولیس ، انتظامیہ اور مختلف محکمے ڈرگ سمگلروں کے خلاف سخت کاروائی کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہیں کر رہے ہیں ۔ ایک اہم کاروائی کے تحت حکام نے کل سانبہ ضلعے کے بیر پور بڑی برہمنا میں 60 کروڑ روپے کی پچاس کنال سرکاری اراضی پر سے منشیات فروشوں کا قبضہ ہٹا لیا ہے ۔

انتقال

وادی کے ایک معروف تھیٹر اور ٹی وی ریڈیو اداکار شبیر حکاک کے والد غلام نبی حکاک کے ایسو سی ایشن کے صدر ساحل ڈار کے علاوہ کئی ثقافتی، سماجی، Listeners انتقال پر ریڈیو ادبی اور تھیٹر سے وابستہ کئی افراد اور انجمنوں نے دکھ اور افسوس کا اظہار کیاہے۔

مرحوم کی اجتماعی فاتحہ خوانی 20مئی بدھوار کو صبح 10 بجے مقبرہ آخون صاحب کنہ مزار سرینگر میں انجام دی جائے گی۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی ،ماحولیات اور جنگلات کے وزیر جاوید احمد رانا نے کل مینڈھر پونچھ میں 58 کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا ۔ ان پروجیکٹوں میں بیس واٹر سپلائی سکیمیں بھی شامل ہیں ۔

KHF

کشمیر کی ثقافتی وراثت کو تحفظ فراہم کرنے کےلئے کام کرنے والی" کشیر ہسٹری فاؤنڈیشن" کے "The First Travelling Museum and Cultural Festival" کے اہتمام سے سرینگر میں نام سے منعقد ہوا تین روزہ پروگرام اختتام پذیر ہوا ۔ پروگرام کے تیسرے روز کل مقررین نے کشمیر کی وسیع تاریخ پر مقالے پڑے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13اعشاریہ 6ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ